# Virtual Meeting between External Affairs Minister and Foreign Minister of Spain

December 23, 2020

---

## بھارتی وزیر خارجہ اور اسپین کے وزیر خارجہ کے مابین ورچوئل ملاقات

23 دسمبر، 2020

بھارتی وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جیشنکر نے 23 دسمبر، 2020 کو اپنے ہسپانوی ہم منصب وزیر برائے خارجہ امور، یورپی یونین اور اسپین کے تعاون کے وزیر محترمہ ارانچا گونزالیز لایا کے ساتھ ایک ورچوئل میٹنگ کا انعقاد کیا۔

دونوں رہنماؤں نے دو طرفہ تعلقات کا تفصیلی جائزہ لیا، جس میں کووڈ - 19 وبائی مرض کے دوران دونوں ممالک کے مابین وسیع تعاون اور کووڈ کے بعد کے منظر نامے میں تعاون کے امکانات شامل ہیں۔

دونوں وزراء نے حالیہ برسوں میں دوطرفہ تعلقات میں ہونے والی پیش رفت کو سراہا، اور خاص طور پر نقل وحرکت، دفاعی تعاون اور توانائی جیسے تعاون کے نئے شعبوں میں اس رفتار کو برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔

دونوں رہنماؤں نے ہندوستان - یورپی یونین کے تعلقات پر بھی تبادلہ خیال کیا، اور مئی 2021 میں پرتگال میں منعقدہ ہندوستان - ای یو رہنماؤں کے سمٹ کے تناظر میں مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا۔ انہوں نے اصلاح شدہ کثیر الجہتی نظام کے لئے کام کرنے کے عزم کی تاکید کی، اور علاقائی اور عالمی امور خاص طور پر 2021 سے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں ہندوستان کی موجودگی کے حوالے سے قریبی رابطے اور کوارڈنیشن برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔

**نئی دہلی**

**23 دسمبر، 2020**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.